© rasailojaraid.com



# تبصرے

**God, Soul and Universe in Science and Islam.**

از سر محمد یامین خاں ضخامت ۲۴ صفحات ٹائپ جلی قیمت عہ / پتہ:۔ شیخ محمد اشرف صاحب کشمیری بازار لاہور۔

اس مختصر سی کتاب میں لائق مصنف نے پہلے یہ بتایا ہے کہ دوسرے مذاہب میں خدا کا تصور کیا تھا۔ اس کے بعد اس سے بحث کی ہے کہ اسلام میں خدا کا تصور کیا ہے؟ اس سلسلہ میں مصنف نے اپنی بحث کی بنیاد سورۂ فاتحہ کی شروع کی تین آیتوں پر رکھی ہے اور "رب العالمین" اور "مالک یوم الدین" پر گفتگو کرتے ہوئے جدید علم فلکیات کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ "عالمین" کتنے ہیں اور کیسے کیسے ہیں؟ ان کی عظمت کا کیا عالم ہے اور حضرت انسان کے عالم کو ان عالموں کے ساتھ کیا نسبت ہے؟ نیز خدا جو ان سب کا رب ہے تو از روئے سائنس اس کا کیا مطلب ہے؟ اسی طرح لفظ "مالک" اور "یوم الدین" کی تشریح و توضیح بھی افکار و نظریاتِ سائنس کی زبان میں کی ہے جو ایک عام قاری کے لئے دلچسپ اور مفید ضرور ہے لیکن اندیشہ ہے کہ کہیں توجیہہ القول بما لا یرضیٰ بہ قائلہٗ کا مصداق نہ ہو اور نفس موضوعِ بحث سے غیر متعلق بھی ہو۔ عربی میں علامہ جوہر طنطاوی کی تفسیر بھی اسی انداز پر ہے کتاب کا ایک بڑا حصہ اسی بحث و گفتگو کی نذر ہو گیا ہے۔ اس کے بعد دعا توحید اور روح کے متعلق چند صفحات ہیں جو چند ابواب پر تقسیم ہو گئے ہیں اور پھر آخر کا باب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق ہے۔ جیسا کہ مصنف نے شروع میں لکھا ہے۔ انھوں نے یہ کتاب بغیر کسی کتاب کی مدد کے اپنے حافظہ اور معلومات پر بھروسہ کر کے لکھی ہے۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اگر موصوف کو فرصت اور وقت ملے اور وہ اطمینان سے اسلامیات پر کچھ لکھنا چاہیں تو ان میں اس کام کو انگریزی زبان میں انجام دینے کی بڑی اچھی صلاحیت موجود ہے۔



© rasailojaraid.com